www.understandquran.com

سبق 37 واحد اور جمع

انگریزی میں اسم (Noun) کے آخر میں "s" یا "es" بڑھا کر جمع بنائی جاتی ہے، جیسے: Book سے Books، Class سے Classes۔ عربی میں جمع بنانے کا آسان اور زیادہ استعمال ہونے والا طریقہ یہ ہے کہ اسم (Noun) کے آخر میں "ون" یا "ین" بڑھا دیا جائے، جیسے: مُسْلِم (ایک مسلمان) سے "مُسْلِمُوْن" یا "مُسْلِمِيْن" (بہت سارے مسلمان)

واحد	جمع
مُسْلِم	مُسْلِمُوْن، مُسْلِمِيْن
مُؤْمِن	مُؤْمِنُوْن، مُؤْمِنِيْن
صَالِح	صَالِحُوْن، صَالِحِيْن

آپ " هُوَ، هُمْ ، أَنْتَ، أَنَا، أَنْتُمْ، نَحْنُ " پڑھ چکے ہیں۔اب ہم TPI کے ذریعے ان الفاظ کو مُؤْمِن، مُؤْمِنُوْن کے ساتھ ملا کر مشق کریں گے۔بس اتنا یاد رکھیں کہ هُوَ، أَنْتَ اور أَنَا کے ساتھ مُؤْمِن اور هُمْ ، أَنْتُمْ اور نَحْنُ کے ساتھ مُؤْمِنُوْن آئے گا۔

عربی الفاظ	ترجمہ
هُوَ مُؤْمِن	وہ مومن ہے
هُمْ مُؤْمِنُوْن	وہ سب مومن ہیں
أَنْتَ مُؤْمِن	آپ مومن ہیں
أَنَا مُؤْمِن	میں مومن ہوں
أَنْتُمْ مُؤْمِنُوْن	آپ سب مومن ہیں
نَحْنُ مُؤْمِنُوْن	ہم سب مومن ہیں

ل ٹ ل ر گ ہیں ٹیں

سوال	جواب
مَنْ هُوَ؟	هُوَ مُؤْمِن
مَنْ هُمْ؟	هُمْ مُؤْمِنُوْن
مَنْ أَنْتَ؟	أَنَا مُؤْمِن
مَنْ أَنْتُمْ؟	نَحْنُ مُؤْمِنُوْن